سوال

(19) رفع الیدین احادیث صحیحہ سے ثابت ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

رفع یدین رکوع میں جاتے ہوئے اور رکوع سے سر اٹھا کر اور دوسری رکعت سے کھڑے ہو کر کرنا احادیث صحیحہ مرفوعہ غیر منسوخہ سے ثابت ہے یا نہیں؟ اور اس کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

: رفع یدین تینوں حالتوں میں احادیث صحیحہ مرفوعہ سے ثابت ہے ۔

ن نافع عن ابن عمر کان اذا دخل فی الصلوة کبر ورفع یدیہ واذا رکع رفع یدیہ واذا قال سمع اللہ لمن حمدہ رفع یدیہ واذا قام من الرکعتین رفع یدیہ ورفع ذلک ابن عمر الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم رواہ البخاري

اور سوائے حضرت ابن عمر کے روایت کیا حدیث رفع یدین کو حضرت عمر 'علی ووائل بن حجر 'ومالک بن الحویث ، وانس ۔ وابوہریرہ 'وابو حمید ۔ وابو سعید 'وسہم بن سعد 'ومحمد بن سلمہ 'وابو قتادۃ 'وابو موسی اشعری 'وجابر 'وعمر اللیثی رضی اللہ عنہم نے ۔ اور اکثر صحابہ وتابعین ومحدثین کا اسی پر عمل ہے ، جیسا کہ جامع الترمذی میں مذکور ہے ۔ اور اس کا نسخ کسی حدیث صحیح مرفوع ثابت نہیں ہے ۔

پس جب کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ثبوت پایا گیا اور اصحاب حضرت بھی اس کو عمل میں لائے تو بیشک اس صورت میں اس پر عمل کرنے والا ماجور اور مصیب ہوگا ۔

شیخ ولی اللہ دہلوی حجۃ اللہ البالغہ میں فرماتے ہیں ۔

والذي یرفع احب الی ممن لا یرفع انتہی

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ مولانا شمس الحق عظیم آبادی

ص148